www.express.com.pk
DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس اسلام آباد

04 Jan 2013

Page # 14

مسابقتی قوانین کی خلاف ورزی پر 5 کوریئر کمپنیوں پر 45 لاکھ روپے کا جرمانہ

کراچی (بزنس رپورٹر) مسابقتی کمیشن نے مسابقتی قوانین کی خلاف ورزی پر ملک میں کام کرنے والی 5 کوریئر کمپنیوں پر مجموعی طور پر 45 لاکھ روپے کا جرمانہ عائد کر دیا ہے۔ مسابقتی کمیشن کی چیئر پرسن راحت کونین اور معین باٹلے پر مشتمل بینچ نے ڈی ایچ ایل کی درخواست پر فریقین کے موقف سننے کے بعد 5 کمپنیوں کو مسابقتی کمیشن کے ایکٹ 2010 کی شق 10 کی خلاف ورزی کا مرتکب قرار دیتے ہوئے جرمانے عائد کیے، یہ کمپنیاں غیر قانونی طور پر ڈی ایچ ایل کا ٹریڈ مارک استعمال کر رہی تھیں۔